**دیکھ بھال کیلئے مدد اور تعاون حاصل کرنا**

آپ کو گرنے یا حادثے کے بعد، آپریشن سے صحت یابی کے دوران، بیماری، معذوری، یا اپنی زندگی میں کسی بڑی تبدیلی کی وجہ سے اضافی مدد اور تعاون کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

اگر آپ یا آپ کا کوئی جاننے والا جو 18 سال یا اُس سے زیادہ عمر کا ہے وہ دیکھ بھال اور کسی تعاون کی ضرورت محسوس کرتا ہے اور وہ مانچسٹر سٹی کونسل کے علاقے میں رہتا ہے تو آپ مشورے، معلومات، اور اپنی ضروریات کا جائزہ کرانے کیلئے ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ہم آپ کے حالات کے بارے میں بات کریں گے اور یہ سمجھنے کیلئے آپ سے چند سوالات کریں گے کہ آپ فی الحال کیسے نباہ کر رہے ہیں اور آپ کی ممکنہ ضروریات کیا ہو سکتی ہیں۔

اگر آپ کسی مدد یا تعاون کیلئے خود ادائیگی کرنے کا فیصلہ کریں تب بھی ہم یہ کام کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کسی کی دیکھ بھال کر رہے ہوں تو بھی ہم آپ کو مشورہ، معلومات اور آپ کی ضروریات کے جائزے کی پیشکش کر سکتے ہیں۔ چاہے جس کی آپ دیکھ بھال کر رہے ہوں وہ خود اپنا جائزہ کرانا نہ بھی چاہتے ہوں۔

ہم سے رابطہ کریں

| | |
|---|---|
| ویب سائٹ | www.manchester.gov.uk |
| ٹیلی فون | 0161 234 5001 |
| ای میل | mcsreply@manchester.gov.uk |
| ایس ایم ایس ٹیکسٹ | 07860 003160 |
| سائن—ویڈیو ویب | www.manchester.gov.uk/signvideo |

آپ مانچسٹر لوکل کیئر تنظیم کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ کسی انفرادی سروس کے بارے میں مزید تفصیلی معلومات بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ www.manchesterlco.org/social-care-citywide

مانچسٹر لوکل کیئر آرگنائزیشن مانچسٹر میں ایک شراکت دار تنظیم ہے جو کونسل اور NHS کا حصہ ہے۔ ایڈلٹ سوشل کیئر یعنی معمر افراد کی دیکھ بھال اور کمیونٹی ہیلتھ سروس کی خدمات مانچسٹر لوکل کیئر آرگنائزیشن کے تحت فراہم کی جاتی ہیں لہٰذا آپ یہ نام مانچسٹر سٹی کونسل کے نام کے ساتھ بھی دیکھ سکتے ہیں۔

آپ ہماری آن لائن سروس ڈائرکٹری میں دوسری خدمات اور حمایت کی تفصیلات بھی تلاش کر سکتے ہیں – ہیلپ اینڈ سپورٹ مانچسٹر www.manchester.gov.uk/helpandsupportmanchester

## ہم کیسے مدد کر سکتے ہیں

ہم سے مدد اور تعاون کیلئے ہونے کیلئے آپ کو کیئر ایکٹ 2014 میں موجود قوانین کے شرائط پورا کرنا ہوں گی۔

اگر آپ شرائط پر پورا نہیں اترتے تو ہم آپ کو معلومات اور مشورہ دیں گے اور متبادل امدادی سروس تلاش کرنے میں آپ کی مدد کریں گے۔ اِن میں سے کچھ سروسیں مفت ہوسکتی ہیں اور آپ کو حتی الامکان خوشحال، فعال اور بااختیار رکھنے میں مدد کرسکتی ہیں۔ ہم آپ کا مکمل جائزہ کئے بغیر بھی آپ کو کچھ ساز وسامان کی سہولت فراہم کر سکتے ہیں اگر اِس سے آپ کی ضرورت پورا ہوسکتی ہو۔ اِسے ہم ٹیکنالوجی کی مدد سے دیکھ بھال (TEC) کہتے ہیں۔ یہ متعدد آلات اور ایپس پر مشتمل ہیں جنہیں آپ اپنے گھر میں، کام پر یا باہر آنے جانے میں محفوظ اور بااختیار رہنے میں مدد کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ سامان مانچسٹر سٹی کونسل کی (سی اے ٹی ای سی) کمیونٹی الارم ٹیکنالوجی انیبل کیئر ٹیم کی جانب سے فراہم کیا جاتا ہے۔

ہم آپ کی ضروریات اور موجودہ صورتحال کو جان لینے کے بعد مختلف جائزے فراہم کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر ایڈلٹ ارلی سپورٹ ٹیم آپ کو مخصوص مدد یا معلومات، مشورے، یا رہنمائی فراہم کرے گی تا کہ آپ اچھی طرح سے رہ سکیں اور گھر میں بااختیار رہ سکیں۔ وہ آپ کے ساتھ پانچ دن تک کام کر کے آپ کو دیکھ بھال، مدد اور رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ وہ آپ سے آپ کی صورتحال کے بارے میں بات کریں گے اور آپ سے پوچھیں گے کہ فی الحال آپ کیسے نباہ کر پا رہے ہیں اور مزید آپ کو کس قسم کی مدد کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ آپ کو درکار مدد ایڈلٹ سوشل کیئر یا پھر کسی بیرونی ایجنسی کی طرف سے فراہم کی جاسکتی ہے۔

یا ہم یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آپ کو ری ایبلمنٹ یا بلڈنگ انڈی پینڈینس ٹیم کی مدد کی ضرورت ہے۔ یہ ایک قلیل مدتی، شدید دیکھ بھال کا پیکیج پیش کرتا ہے جس میں مدد، رہنمائی اور چھوٹے موٹے آلات فراہم کر کے آپ کی مدد کرتے ہیں تا کہ آپ گھر پر بااختیار رہ سکیں۔ ری ایبلمنٹ یا بلڈنگ انڈی پینڈینس ٹیم سے مدد ہر ایک کیلئے موزوں نہیں ہوتی۔ اِس کا انحصار آپ کے جائزہ میں نشاندہ کردہ ضروریات پر ہے۔

اگر آپ اہل ہیں تو ہم پہلے آپ کی مالی صورتحال کا جائزہ لیں گے کہ آیا آپ کو جیب سے بھی کچھ مالی تعاون کرنا پڑے گا یا نہیں۔ اُس کے بعد ہم آپ کے ساتھ مل کر یہ طے کریں گے کہ آپ کی ضروریات کیلئے کیا مدد سب سے بہتر رہے گی۔ اِس میں یہ بھی شامل ہے کہ اُن خدمات کا خرچ کتنا ہوگا چاہے آپ خود اُس کیلئے ادائیگی کرنے کا فیصلہ کریں۔

اگر آپ اپنی دیکھ بھال کیلئے خود مالی اخراجات اٹھائیں (جسے اکثر 'خود فنڈنگ کرنا' کہا جاتا ہے) پھر بھی آپ ہم سے مشورے اور معلومات حاصل کرنے کے اہل ہوں گے تا کہ آپ بہترین انتخاب کا فیصلہ کرسکیں۔ آپ درج ذیل میں سے کوئی ایک انتخاب کو پسند کرسکتے ہیں۔ البتہ انہی تک محدود نہیں:

- **ہوم کیئر**۔ آپ کے گھر پر ہی آپ کی ذاتی دیکھ بھال کا انتظام کرتے ہیں (انہیں گھریلو دیکھ بھال بھی کہا جاتا ہے)۔
- **کیئر ہوم**۔ کسی کیئر ہوم میں ساتوں دن چوبیس گھنٹے آپ کی ذاتی دیکھ بھال کا انتظام کرتے ہیں۔
- **ڈے سروس**۔ صحت، تندرستی اور آزادی کو برقرار رکھنے کیلئے متعدد لطف اندوز سرگرمیاں فراہم کرتے ہیں۔
- **سپورٹڈ لِونگ**۔ کسی ہوم میں آپ کو اضافی مدد فراہم کرتے ہیں جہاں آپ بااختیار رہ سکیں۔

جب ہم یہ طے کرلیں گے کہ آپ کو مسلسل دیکھ بھال اور مدد کی ضرورت ہے تو ہم مالی جائزہ لینے کی پیشکش کریں گے۔ ہم آپ کے مالی حالات کی بنیاد پر اُن خدمات کے خرچ کی ادائیگی کی صلاحیت کا اندازہ لگائیں گے۔ اِس سے آپ کو اندازہ ہو سکے گا کہ آپ کو جیب سے کتنی رقم دینی ہوگی اگر کچھ دینی ہوئی بھی تو۔ جائزہ ہمارے چارج کرنے کے اصولوں کے تحت کیا جاتا ہے۔

ہمارے چارج کرنے کے اصولوں کے بارے میں مزید معلومات ذیل کے سائٹ پر دیکھی جاسکتی ہیں:

https:www.manchester.gov.uk/info/100010/social_services/372/paying_for_social_care_and_support.

آپ مالی جائزہ نہ کرانے کا فیصلہ بھی کرسکتے ہیں۔ لیکن ایسا کرنے سے پھر ہم آپ کیلئے کسی مدد میں مالی تعاون پیش نہیں کر پائیں گے اور آپ کو تمام اخراجات خود برداشت کرنے ہوں گے۔

اگر آپ کی ضروریات میں تبدیلی واقع ہوتی ہے تو آپ کسی وقت بھی ہم سے رابطہ کرسکتے ہیں تاکہ فراہم کردہ تعاون پر نظرثانی ہو سکے۔ ہم سالانہ جائزہ لیتے رہیں گے تاکہ یقین کیا جاسکے کہ آپ کی ضروریات میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔

## آپ کی ضروریات کا جائزہ لینے اور تعاون کا منصوبہ تیار کرنے میں آپ کی مدد کرنے کیلئے کون آپ سے رابطہ کرے گا؟

آپ کے جائزے سے پہلے یا تو سوشل کیئر جائزہ لینے والا یا سوشل ورکر آپ سے رابطہ کریں گے۔

دونوں اہل کار ہماری خوبیوں کے معیار اور اقدار اور اصولوں پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔ ہماری خوبیوں پر مبنی مشق کا مطلب یہ دیکھنا ہے کہ آپ کیا کرسکتے ہیں اور ہم آپ کو زیادہ سے زیادہ بااختیار رہنے میں کس طرح مدد کرسکتے ہیں۔ ایسا کرنا ہمارے اُن اصولوں کے مطابق ہے جنہیں ہمارا مانچسٹر کا طرزِ عمل کہتے ہیں جس پر ہمارا عملہ کام کرتا ہے اور وہ درج ذیل ہیں:

**ہم سننے اور سمجھنے کیلئے وقت نکالتے ہیں۔**
ہم یہ سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں کہ آپ کیلئے سب سے زیادہ کیا چیز اہمیت رکھتی ہے۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ آپ اپنی زندگی خود بہتر سمجھتے ہیں۔ اکثر مسائل کا حل بھی آپ بہتر تجویز کرسکتے ہیں۔ ہم اِس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ مثبت تعلقات بنانے میں نکالا گیا وقت ہماری مل کر کام کرنے کی صلاحیت میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ ہم اِس بات کی یقین دہانی کرنے کیلئے کہ آپ کی ذاتی خصوصیات، مفادات، صلاحیتیں، ذاتی وسائل، اور خوبیاں منظرِ عام پر لائی جائیں ہم بہت انہاک سے بات کو سنتے ہیں۔

**ہم اِسے ''اپنا'' کہنے میں ڈرتے نہیں۔ ہم نئی چیزیں آزمانے سے گھبراتے نہیں ہیں۔**
ہم اپنی تجسسانہ اور تخلیقی سوچ سے یہ طے کرتے ہیں کہ ہم آپ کی کس انداز میں مدد کرسکتے ہیں تاکہ آپ بامقصد زندگی جی سکیں۔ ہم اُن لوگوں کو بھی ذہن میں رکھتے ہیں جو آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔ مثلاً آپ کا خاندان، دوست واحباب اور معاشرے میں میل ملاپ والے۔ ہم اِس پر بھی غور کرتے ہیں کہ ٹیکنالوجی آپ کو زیادہ بااختیار زندگی گزارنے میں کیسے مدد کرسکتی ہے۔ ہم فقط فرض ہی نہیں کرلیتے کہ آپ کو کسی مدد کی ضرورت ہے۔

## ہم ایک ساتھ کام کرتے ہیں اور ایک دوسرے پر اعتماد کرتے ہیں۔

ہم تعلقات اور اعتماد پیدا کرنے کیلئے وقت نکالتے ہیں تا کہ آپ ہمارے ساتھ کھل کر اور ایمانداری سے بات کر سکیں۔ہم دوسرے ساتھیوں کی رائے پر اعتماد کرتے ہیں اور یہ سمجھنے کیلئے مل کر کام کرتے ہیں کہ ہم آپ کو اپنی پسند کی زندگی گزارنے میں کیا مدد کر سکتے ہیں۔ یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ ہم سب اپنے موجودہ حالات کو بہتر کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

## ہم مانچسٹر پر فخر اور جوش وخروش محسوس کرتے ہیں۔

ہم جانتے ہیں کہ کمیونٹی کے وسائل کتنے اہم ہیں اور اپنے اوس پڑوس سے جڑنے رہنے میں آپ کیلئے کیا فائدے ہیں۔ہم بھر پور جذبے سے دوسرے ساتھیوں کے ساتھ کام کرتے ہیں تا کہ ہم ایک دوسرے کی خوبیوں، علم اور مہارتوں سے سیکھ سکیں اور اعتماد کے تعلقات قائم کر سکیں جس سے ہم ایک دوسرے کی مدد کرنے اور چیلنج کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ہم ہر روز اِس جذبے سے آگے بڑھتے ہیں کہ ہم لوگوں کی زندگیوں میں بہتر تبدیلی لانا چاہتے ہیں۔

## ہم یہ دکھاتے ہیں کہ ہم اپنے تمام اختلافات کی قدر کرتے ہوئے لوگوں کے ساتھ منصفانہ سلوک کرتے ہیں

ہم اپنے شہر اور کام کی جگہ میں تنوع کی قدر کرتے ہیں اور اِس کی خوشی مناتے ہیں۔لوگوں کے ساتھ انصاف، عزت اور احترام کے ساتھ برتاؤ کرتے ہیں۔

## میرے جائزے کے عمل میں کیا ہوگا؟

ہم یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آپ کی مدد کس طرح کی جائے تا کہ آپ بااختیار رہ سکیں۔ہم آپ سے آپ کی زندگی اور آپ کی دلچسپیوں کے بارے میں چند سوالات پوچھیں گے۔

## میں کس طرح تیاری کروں؟

بااختیار ہونا آپ کیلئے کیا معنی رکھتا ہے اِس کو ذہن میں رکھیں۔ہم درج ذیل پر بات کریں گے:

- آپ کے لیے کیا اہم ہے؟
- فی الحال کیا اچھا ہو رہا ہے؟
- آپ کیا بدلنا چاہیں گے؟
- آپ کس طرح زیادہ بااختیار بن سکتے ہیں؟

ممکن ہے کسی کے سکھانے پر آپ کچھ کام خود ہی سرانجام دے سکیں۔

## آپ کو مزید بااختیار رہنے میں مدد کون کر سکتا ہے؟

آپ سے پوچھا جائے گا کہ کیا کوئی افراد یا گروہ ہیں جو آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ یہ خاندان، دوست، مقامی جماعت، یا وہ لوگ ہو سکتے ہیں جہاں آپ رہتے ہیں۔ممکن ہے کہ کونسل کچھ چیزیں فراہم کر سکے (جیسے کہ آلات) جو آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔ہم آپ کے سات بات چیت کے دوران مزید معلومات دیں گے۔

### اگلا کیا ہوگا؟

ہماری بات چیت کے بعد آپ کے اتفاق سے کچھ اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ مثال کے طور پر آپ کی مقامی کمیونٹی میں ہی کہیں کچھ دستیاب ہوسکتا ہے جو آپ کی ضروریات کے مطابق آپ کی مدد کر سکے۔ ایسی صورتحال میں ہم آپ سے یا آپ کی مدد کرنے والے سے درخواست کریں گے کہ وہ رابطہ کریں تا کہ مزید معلومات حاصل کی جاسکیں۔

ایسے اقدامات بھی ہوسکتے ہیں جن پر ہم نے مل کر اتفاق کیا ہے۔ ہم اپنی بھرپور کوشش کریں گے کہ آپ کو اچھی حالت میں رہنے اور بااختیار ہونے کیلئے مدد دستیاب ہو جو ہوم کیئر، ڈے سینٹر وغیرہ یا دیگر سہولیات سے دستیاب ہوسکتی ہیں۔

### کیا میں بات چیت کیلئے کسی کو ساتھ لاسکتا ہوں؟

آپ بخوشی کسی کو بھی اپنے ساتھ لاسکتے ہیں۔

### ہم کس کی مدد کر سکتے ہیں

معاونت کیلئے اہل قرار دیئے جانے کیلئے آپ کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ:

1 آپ کی ضروریات کسی جسمانی یا ذہنی معذوری یا بیماری سے پیدا ہوئی ہیں (یا اِس سے متعلق ہیں)، اور

2 آپ درج ذیل کے کاموں میں سے دو یا زیادہ کے سرانجام دینے سے قاصر ہیں:

- کھانا اور پینا
- اپنی ذاتی صفائی ستھرائی کا خیال رکھنا
- بیت الخلاء کا استعمال
- مناسب لباس زیبِ تن کرنا
- اپنے گھر کو بحفاظت استعمال نہ کر پانا
- گھر کے ماحول کا قابل رہائش ہونا
- خاندان یا دوسرے ذاتی تعلقات قائم اور برقرار رکھنا
- آپ ملازمت، تربیت، تعلیم یا رضاکارانہ امور تک رسائی یا شامل ہونا
- اِس بات کی یقین دہانی ہونا کہ مقامی آبادی میں ضروریات کی سہولتوں اور سروسوں کا استعمال کرنا بشمول پبلک ٹرانسپورٹ اور تفریحی سہولتیں اور سروسیں۔
- کسی بچے کی دیکھ بھال کی ذمہ داریاں اٹھانا
- ملک بھر میں یہی شرائط عائد ہیں تاکہ نظام کو منصفانہ بنایا جائے۔ اِس کا یہ فائدہ بھی ہے کہ اگر ضرورت ہو تو ایک کونسل سے دوسری میں منتقل ہونا آسان ہوتا ہے۔

3 جن مسائل کا سامنا ہوتا ہے اُن کا آپ کی صحت پر نمایاں اثر پڑتا ہے۔

اگر آپ کیئر ایکٹ کی شرائط کے تحت کسی مدد کے اہل نہ ہوں تو پھر بھی ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ یہ مدد آپ کو مقامی کمیونٹی میں دیگر سروسوں کے بارے بتانے کی شکل میں بھی ہوسکتی ہے جو آپ کی بتائی ہوئی ضروریات میں سے کچھ کو پورا کر سکتی ہیں۔

آپ اِس بات پر بھی غور کر سکتے ہیں کہ خاندان، دوست واحباب یا آپ کے ہمسائے آپ کی کیا مدد کر سکتے ہیں۔ بصورت دیگر آپ اپنی ضروریات پورا کرنے کیلئے اگر چاہیں تو کسی کی خدمات خرید بھی سکتے ہیں۔

**معاونت کیلئے ادائیگی**

سماجی دیکھ بھال، صحت کی دیکھ بھال کی طرح مفت نہیں ہے۔ لہٰذا آپ کی دیکھ بھال کی ضروریات کا جائزہ مکمل کر لینے، جس میں طے کیا جاتا ہے کہ آپ کو کس قسم کی مدد کی ضرورت ہے اور اسے فراہم کرنے کی لاگت کتنی ہوگی، کے بعد ہم آپ کی مالی صورتحال کا جائزہ بھی لیں گے۔ ایسا کرنا اِس لئے ہے تاکہ دیکھا جاسکے کہ مانچسٹر سٹی کونسل اِس لاگت کا کتنا حصہ برداشت کرسکتی ہے اور آپ کو خود کتنا ادا کرنا ہوگا۔

آپ کی آمدن، بچت، یا اثاثوں کی مالیت کو دیکھتے ہوئے ممکن ہے آپ کو اپنی دیکھ بھال اور مدد کے تعاون کیلئے خود بھی کچھ اخراجات ادا کرنے پڑیں۔ حکومت کی ہدایات ہیں کہ آپ کے پاس بچت یا اثاثے کتنے ہونے چاہئیں اِس سے پہلے کہ آپ کو کسی بھی فراہم کردہ مدد کیلئے کوئی ادائیگی کرنے کو کہا جائے۔ تمام کونسلوں کی طرح ہمیں بھی اِن قواعد پر عمل کرنا ہوتا ہے۔

**ہم کس طرح اخراجات کا حساب لگائیں گے**

ہماری چارجنگ ٹیم ایک مالی جائزہ مکمل کرے گی تاکہ یہ حساب لگایا جاسکے کہ ہم آپ کی دیکھ بھال اور مدد کے اخراجات کتنی رقم ادا کر سکتے ہیں اور خود آپ کو کتنی رقم ادا کرنی ہوگی۔ یہ حساب آپ کی آمدن، بچت، اثاثوں، اور دیگر اخراجات کو دیکھ کر لگایا جاتا ہے۔

یہ عام طور پر محکمہ ملازمت اور پنشن (DWP) کے ریکارڈ تک رسائی حاصل کر کے مکمل کیا جاسکتا ہے لیکن ہمیں آپ سے اضافی معلومات بھی لینا پڑ سکتی ہیں۔ ہمیں آپ سے پوچھنا پڑ سکتا ہے کہ آیا آپ کو کہیں اور سے کوئی آمدنی ہوئی ہے یا کوئی رقم آپ کے پاس بچت میں ہے یا کسی جائیداد کے مالک ہیں۔ ہم یہ بھی پوچھ سکتے ہیں کہ کیا آپ کے کوئی رہائشی اخراجات بھی ہیں یا کیا آپ کو کسی معذوری یا بیماری کی وجہ سے کس سامان وغیرہ کیلئے اضافی رقم ادا کرنی پڑتی ہے۔

اگر آپ مالی جائزے کیلئے معلومات فراہم نہیں کرنا چاہتے یا مالی جائزہ کرانا ہی نہیں چاہتے تو آپ کو اپنی دیکھ بھال کے مکمل اخراجات خود ادا کرنے ہوں گے۔

**بچت کو کیسے دیکھا جاتا ہے**

بچت کو ایک ہی نظر سے دیکھا جاتا ہے چاہے کوئی ادارے یعنی (رہائشی یا نرسنگ ہوم کی دیکھ بھال میں) ہو یا پھر (اپنے ہی گھر میں دیکھ بھال، کسی ڈے سینٹر یا پھر مختصر مدت کیلئے کہیں سے مدد مل رہی ہو) دونوں کا طریق کار ایک جیسا ہی ہوتا ہے۔ کم سے کم سرمایہ کی حد £14,250 ہے اور زیادہ سے زیادہ سرمایہ کی حد £23,250 ہے۔ اگر کسی کی بچت اِن دونوں کے درمیان ہو تو فی ہفتہ ہر £250 یا اُس کا کچھ حصہ میں سے £1 آپ کو خود ادا کرنا ہوگا۔ اگر آپ کی بچت £14,250 سے کم ہے تو آپ کے مالی جائزے پر اِس کا کوئی اثر نہیں ہوگا۔ اگر آپ کی بچت £23,250 سے زیادہ ہے تو آپ کونسل سے مالی مدد کیلئے اہل نہیں ہوں گے اور آپ کو اپنی دیکھ بھال کے مکمل اخراجات خود ادا کرنے ہوں گے۔

آپ کے سرمایہ میں آپ کی بچت، سرمایہ کاری، جائیداد کو بھی دیکھا جاتا ہے۔ البتہ جس مکان میں آپ رہتے ہوں اُس کی مالیت کو شمار نہیں کیا جاتا۔

## اپنی مدد کے بجٹ کا انتظام کرنا

ضرورتوں کے جائزے کے دوران ہم آپ کے ساتھ اُس مدد کی سطح پر اتفاق کریں گے جس کی آپ کو ضرورت ہے اور اُسے آپ کی ضرورتوں کو پورا کرنے کیلئے درکار رقم کی مقدار مقرر کریں گے۔ ہم اِسے ذاتی بجٹ کہتے ہیں۔ جب آپ کو اپنا ذاتی بجٹ اور اُس کے ذریعے حاصل ہونے والے اتفاق شدہ نتائج معلوم ہو جائیں گے، تو آپ کیلئے اپنی مدد کو منظم کرنے کے کئی طریقے ہیں۔

## آپ ذیل کا کوئی انتخاب کرسکتے ہیں:

- آپ کی دیکھ بھال کے حوالے سے آپ کے پاس زیادہ انتخاب اور کنٹرول ہو اور آپ اپنی مدد کو منظم کریں۔ اپنے بجٹ کا انتظام اور تمام ادائیگیاں خود کریں۔ ہم اِسے براہ راست ادائیگی کہتے ہیں۔
- ہم آپ کی مطلوبہ بجٹ کے اندر مدد کا انتظام کریں اور اُس کیلئے ادائیگی کریں۔ آپ کی مدد کے پیکیج کی قیمت میں آپ نے جو رقم خود دینا ہوگی اُسے آپ کونسل کو ادا کیا کریں گے۔

اگر آپ براہ راست ادائیگی کا انتخاب کرتے ہیں تو اُس کیلئے ہماری مختص ٹیم ہے جو آپ کو اپنی بجٹ کا انتظام کرنے میں درج ذیل طریقوں سے مدد کرسکتی ہے:

- بجٹ کے اندر رہ کر دیکھ بھال کے منصوبے کی لاگت کا اندازہ لگانا تا کہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ معاونت کے منصوبے میں وضاحت کردہ ضروریات اور مدد فراہم ہو رہی ہے اور مناسب متبادل انتظامات موجود ہیں۔ یہ رسمی یا غیر رسمی مدد یا دونوں کے ذریعے ہوسکتا ہے۔
- بااختیار رہنے پر لچکدار اور تخلیقی انداز پر مشورہ وغیرہ دینا۔
- اُن لوگوں کیلئے عملے کی بھرتی کرنے میں مدد کرنا جو ایک ذاتی معاون (پی اے) کو ملازمت دینا چاہتے ہیں۔ پی اے وہ شخص ہوتا ہے جسے آپ کی دیکھ بھال اور حمایت فراہم کرنے کیلئے ملازمت دی جاتی ہے تا کہ آپ گھر پر بااختیار رہ سکیں۔ اِس میں اشتہارات دینا، درخواست فارم جمع کرنا، انٹرویو کا اہتمام کرنا، اور یہ یقینی بنانا شامل ہوسکتا ہے کہ صحیح کاغذی کارروائی جیسے پولیس کی جانچ اور تنخواہ کی معلومات پی اے کی ملازمت شروع ہونے سے پہلے پوری ہوگئی ہیں۔
- ملازمت کے سلسلہ میں بنیادی مشورہ دینا اور پے رول وغیرہ کے سلسلہ میں مدد کرنا بشمول ٹیکس اور انشورنس کی ذمہ داریاں۔
- براہ راست ادائیگی کے سلسلہ میں مقامی کونسل کے تقاضہ کے مطابق اکاؤنٹ وغیرہ پر مشورہ دینا۔
- اگر ضرورت ہو تو دیکھ بھال فراہم کرنے والی مناسب ایجنسیوں سے رابطہ کرانا اور اُن کے ساتھ ضروریات پورا کرنے کا منصوبہ تشکیل دینا۔
- تمام امور میں آپ کو مدد اور مشورہ فراہم کرنا۔

ہم آپ کے انتخابات پر بات کریں گے تا کہ آپ بآسانی فیصلہ کرسکیں۔

ہم آپ کو تعاون کرنے کے منصوبے کی کاپی بھی ارسال کریں گے۔

## اگر آپ خوش نہ ہوں تو کیا کریں

اگر آپ کسی وجہ سے خوش نہیں ہیں یا اپنے منصوبے میں شامل مدد سے ناخوش ہیں تو آپ پہلے اِس بارے میں اپنے سوشل ورکر یا دیکھ بھال کا جائزہ کرنے والے کے ساتھ بات کرنی چاہیئے۔ زیادہ تر اختلافات کو اپنے سوشل ورکر یا دیکھ بھال کا جائزہ کرنے والے کے سامنے اپنے خیالات کے اظہار کرنے سے حل کیا جاسکتا ہے۔

ایسے اقدامات بھی ہوسکتے ہیں جن پر ہم نے مل کر اتفاق کیا ہے۔ہم اپنی بھرپور کوشش کریں گے کہ آپ کو اچھی حالت میں رہنے اور بااختیار ہونے کیلئے مدد دستیاب ہو جو ہوم کیئر، ڈے سینٹر وغیرہ یا دیگر سہولیات سے دستیاب ہوسکتی ہیں۔

اگر سوشل ورکر یا دیکھ بھال کا جائزہ کرنے والے سے بات کر کے بھی مسئلہ حل نہ ہو تو آپ کی تحفظات کو اعلیٰ سوشل ورکر یا ٹیم منیجر کو بھیجے جائیں گے تا کہ وہ آپ سے بات کر سکیں۔

اگر پھر بھی مسئلہ حل نہیں ہوا تو آپ کے پاس اپیل کرنے کا حق ہے۔اپیل کا عمل آپ کو یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ آپ کوئی اضافی معلومات یا تفصیلات پیش کریں جو آپ کو لگتا ہے کہ جائزہ کے دوران مدنظر نہیں رکھی گئیں یا اُس وقت معلوم نہیں تھیں۔

اپیل کیلئے درخواست آپ کی اعلیٰ سوشل ورکر/ٹیم منیجر کے ساتھ میٹنگ کے بعد 10 دن کے اندر داخل کی جانی چاہیے۔


آپ یہ درخواست اعلیٰ سوشل ورکر یا ٹیم منیجر یا اپنے سوشل ورکر یا دیکھ بھال کا جائزہ کرنے والے کے ذریعے کر سکتے ہیں۔وہ شکایات کے دفتر سے رابطہ کریں گے۔یا آپ براہ راست شکایات کے دفتر سے درج ذیل پتے پر رابطہ کر سکتے ہیں:

Customer Feedback
Corporate Complaints Team
PO Box 532
Town Hall
Manchester
M60 2LA.

یا انہیں 0161 234 3012 پر فون کر سکتے ہیں۔

## شکایات کا طریق کار

ہم ہمیشہ بھر وقت درست کام کرنے کی کوشش کریں گے تا کہ آ ہمارے جائزے کے طریق کار سے مطمئن ہوں۔ تاہم اگر کسی بھی نتیجے سے خوش نہ ہو تو شکایات کے طریق کار کو بروئے کار لائیں۔




### درست مدد کا حصول

آپ کی مدد کے منصوبے کی تشکیل کیلئے آپ ہمیں بتائیں گے کہ کیا کام آپ کیلئے اہم ہے جو آپ خود کر سکیں یا کسی کے تعاون سے سرانجام دے سکیں۔ کبھی کبھار انہیں آپ کے نتائج بھی کہا جاتا ہے۔ قانون کے تحت کسی بھی دیکھ بھال اور مدد کے ذریعے آپ کی بھلائی مقصود ہونا چاہیے۔ لہٰذا ہم اِس بارے میں آپ سے بات کریں گے۔

جب آ پکو معلوم ہو جائے کہ آپ کے مقاصد کیا ہیں تو آپ انہیں پورا کرنے کے بہترین طریقے کے بارے میں سوچنا شروع کر سکتے ہیں۔ اِس میں خاندان، دوستوں اور پڑوسیوں، سوشل سروسز، یا دوسرے اداروں سے مدد اور تعاون حاصل کرنا شامل ہو سکتا ہے۔

اگر آپ براہ راست ادائیگی کے انتظام کو اختیار نہیں کرتے (جہاں ہم آپ کی مدد کرتے ہیں کہ آپ اپنی دیکھ بھال کے انتظامات خیال خود کریں)، تو ہماری بروکریج سروس آپ کی جانب سے تمام انتظامات کرے گی۔ پہلے، آپ کا جائزہ لینے والا اہلکار/سوشل ورکر آپ کے ساتھ ملکر تعاون کا منصوبہ تشکیل دے گا جس میں واضح درج ہو گا کہ آپ کو کس قسم کی مدد کی ضرورت ہے۔ اُس کے بعد ہم اِسے فراہم کرنے والے اُن لوگوں سے رابطہ کریں گے جن کے ساتھ ہم کام کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر آپ کو اپنے گھر میں بااختیار رہنے کیلئے دیکھ بھال کی ضرورت ہے تو مقامی طور پر گھر میں مدد فراہم کرنے والوں سے رابطہ کیا جائے گا تا کہ منصوبے میں نشاندہ کردہ مدد کو فراہم کیا جا سکے۔ اگر آپ کو تعاون کے ساتھ رہائش، کسی ہوم یا نرسنگ ہوم کے ذریعے دیکھ بھال کی ضرورت ہوئی تو اِسے فراہم کرنے والوں سے رابطہ کر کے اُن سے آپ کی ضروریات پر بات کریں گے اور کب تک وہ اِس کا آغاز کر سکتے ہیں کا تعین بھی بات کریں گے۔ مجموعی طور پر مقصد یہ ہے کہ آپ کی ضروریات کو جلد اور موثر طریقے سے پورا کیا جائے تا کہ آپ کو وہ دیکھ بھال حاصل ہو جو آپ کے جائزہ لینے والے اہلکار نے مقرر کی ہے۔

آپ ایڈوکسی سروس سے بھی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ ایڈوکیٹ غیر جانبدار پیشہ ور فرد ہوتا ہے جو آپ کی نمائندگی کرتا ہے۔ وہ آپ کی بات کہنے اور آپ کے حقوق کو جاننے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

ایسے ایڈوکیٹ کونسل، NHS یا دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کیلئے کام نہیں کرتے۔ وہ تمام امور کو راز میں رکھیں گے۔ ایڈوکیٹ کو کسی قسم کی فیس ادا نہیں کرنا پڑتی۔ اگر آپ اِس سروس میں دلچسپی رکھتے ہیں تو اپنے سوشل ورکر یا دیکھ بھال کا جائزہ لینے والے اہلکار سے بات کریں۔

آپ کی ضروریات کو پورا کرنے میں ادارے یا تنظیمیں آپ کی مدد کرسکتے ہیں اُن کی تفصیلات درج ذیل سائٹ پر دیکھی جاسکتی ہیں۔
www.manchester.gov.uk/helpandsupportmanchester

### آپ کی مدد پر نظرِ ثانی کرنا

لوگوں کی ضروریات وقت کے ساتھ بدل سکتی ہیں۔ یہ یقینی بنانے کیلئے کہ آپ کو درست مدد اور تعاون فراہم کیا جا رہا ہے ہم اِس پر سال میں کم از کم ایک بار نظرِ ثانی کرتے رہتے ہیں تا کہ آپ کی صورتحال اور ضروریات میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی پر غور کیا جا سکے۔ اِس کے نتیجے میں آپ کو فراہم کی جانے والی مدد کو کم یا زیادہ کیا جا سکتا ہے یا پھر شاید اُسے یوں ہی رہنے دیا جائے۔

اگر آپ کی ضروریات تبدیل ہوتی ہیں تو آپ ہم سے رابطہ کرسکتے ہیں اور دوبارہ جائزہ کرنے کیلئے کہہ سکتے ہیں۔ آپ کے دوبارہ جائزے میں آپ کی اُن ضروریات جو ممکن ہے کہ تبدیل ہو چکی ہوں اور تعاون کو زیرِ غور لایا جائے گا جو ہم فراہم کرسکتے ہیں۔

### ہسپتال میں داخل ہونا اور واپس آنا

ایسا ممکن ہے کہ پہلے سے طے شدہ علاج یا پھر ہنگامی حالت میں آپ کو ہسپتال داخل کئے جانے کی ضرورت پیش آئے۔ اگر آپ کو پہلے سے معلوم ہے تو آپ اپنی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کو آگاہ کریں کہ کس ہسپتال میں کب اور کتنے دنوں کیلئے جا رہے ہیں۔ پیچھے گھر پر کسی بھی کام کیلئے آپ کو انتظامات کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے جیسے کسی پالتو جانور کی دیکھ بھال کرنا یا اپنی ڈاک کا انتظام کرنا۔

اگر آپ کسی کی دیکھ بھال کرتے ہیں یا آپ کی دیکھ بھال کرنے والے خود ہسپتال جا رہے ہوں تو ضروری ہے کہ آپ متبادل انتظامات کریں۔ براہ کرم اِس معلوماتی کتابچے میں دیکھ بھال کرنے والوں کے جائزے سے متعلقہ مزید تفصیلات دیکھیں۔

اگر آپکو ہنگامی طور پر ہسپتال داخل کیا جا رہا ہے تو آپ کو فوری طور پر وارڈ پر موجود کسی نرس کو بتانا چاہیے کہ آیا مذکورہ بالا میں سے کوئی بھی صورت حال آپ کو متاثر کرتی ہے۔ دیکھ بھال کرنے والے ''دیکھ بھال کیلئے ہنگامی کارڈ'' پاس رکھ سکتے ہیں جس سے عملے کو معلوم ہو سکتا ہے کہ وہ خود کسی کی دیکھ بھال بھی کرتے ہیں اور کس سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ آپ اگلے صفحے پر دیکھ بھال کرنے والوں کی مدد کے سیکشن میں مزید تفصیلات دیکھ سکتے ہیں۔

اگر ضرورت ہو تو جب آپ ہسپتال سے گھر آنے کیلئے تیار ہوں گے تو گھر بھیجنے والا عملہ کی ٹیم (جو سوشل ورکرز اور NHS کے عملے پر مشتمل ہو گی) آپ کیلئے فراہم کردہ مدد پر بات چیت کرے گی تا کہ آپ کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔

### دیکھ بھال کرنے والوں کی مدد

دیکھ بھال کرنا مختلف نوعیت ہو سکتا ہے۔ مثلاً کھانا تیار کرنا، خریداری کرنا، کسی کو اپوائنٹمنٹ وغیرہ پر لے جانا، مالی امور کا انتظام کرنا، نہلانا یا ٹوائلٹ جانا، دوائی دینا یا جذباتی حوصلہ وغیرہ یا لباس دھونا۔

اگر آپ ایک رشتہ دار، دوست یا پڑوسی کی اُن کی عمر، جسمانی یا سیکھنے کی معذوری، ذہنی بیماری یا مادے کے غلط استعمال (منشیات یا الکحل) کی وجہ سے دیکھ بھال کرتے ہیں تو آپ اپنی دیکھ بھال کی ذمہ داریوں میں مدد کیلئے مشورہ، تعاون، حمایت اور تربیت حاصل کر سکتے ہیں۔

## ہماری طرف سے تعاون

ہم جانتے ہیں کہ دیکھ بھال کرنا دلی سکون اور اجر و ثواب کا باعث بھی بنتا ہے۔ لیکن یہ دباؤ بھی ڈال سکتا ہے اور آپ کی اپنی صحت پر اثر انداز ہوسکتا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ اِس بارے میں سوچیں کہ آپ کو کس قسم کے تعاون کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ آپ کے علاقے میں دیکھ بھال کرنے والوں کا کوئی سپورٹ نیٹ ورک بھی ہوگا۔ اگر آپ کی دیکھ بھال کی ذمہ داریاں آپ کی صحت اور بہبود پر اثر انداز ہو رہی ہیں تو دیکھ بھال کرنے والوں کے بطور آپ کو خود اپنا جائزہ کرانے کا حق ہے۔

دیکھ بھال کرنے والوں کے جائزے سے اُن کیلئے دستیاب مدد کو جاننے کا اچھا طریقہ ہے۔ دیکھ بھال کرنے والوں کا جائزہ اُس صورت میں بھی لیا جا سکتا ہے جب جس شخص کی دیکھ بھال کی جا رہی ہے انہیں خود کوئی مدد نہ بھی مل رہی ہو۔ دیکھ بھال کرنے والوں کا جائزہ آپ کو موقع فراہم کرتا ہے کہ آپ بتا سکیں کہ دیکھ بھال کرنے سے خود آپ کی صحت اور تندرستی کس طرح متاثر ہو رہی ہے۔ اِس سے آپ کو یہ سوچنے میں مدد ملتی ہے کہ اگر آپ کسی بھی وجہ سے دیکھ بھال نہ کر پائیں تو کیسے دیکھ بھال کا کوئی ہنگامی منصوبہ تشکیل دیا جا سکتا ہے۔

## رابطہ کریں

مانچسٹر سٹی کونسل اور نیشنل ہیلتھ سروس مقامی کیئرر تنظیموں کے نیٹ ’کیئررز مانچسٹر‘ کے ساتھ ملکر کام کرتے ہیں۔ ہم دیکھ بال کرنے والے اُن تمام افراد کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ کیئررز مانچسٹر سے رابطہ کریں تا کہ یہ جان سکیں کہ اُن کیلئے اب یا مستقبل میں کیا کچھ تعاون دستیاب ہوسکتا ہے۔ آپ کیئررز رجسٹر میں بھی شامل ہو سکتے ہیں تا کہ ہم مقامی سطح پر سہولیات سے آپ کو آگاہ رکھ سکیں۔

مزید معلوم کریں اور رابطہ کریں:

- معلومات کیلئے دیکھیں www.carersmanchester.org.uk
- دیکھ بھال کرنے والوں کیلئے ہمارے ماہرین مشیروں سے پر بات کریں۔ (سوموار تا جمعہ صبح دس 10am بجے تا شام چار 4pm بجے بجز بینک ہالیڈے)۔
  بدھ کے دن صبح دس 10am بجے تا شام چار 6pm بجے تک
- ای میل کریں contactpoint@carersmanchester.org.uk
- اگر آپ فیس بک یا ایکس (سابقہ ٹویٹر) استعمال کرتے ہیں تو ہمیں جوائن کریں:
  ایکس کیلئے CarersMcr@ یا فیس بک کیلئے 'CarersManchester'

## کسی سے بدسلوکی یا غفلت برتی جا رہی ہو تو ہمیں آگاہ کریں

اگر کوئی فوری خطرے میں ہو تو 999 پر فون کریں اور پولیس کو بلائیں۔

دیکھ بھال کی ضروریات والے کسی بالغ فرد کی بدسلوکی یا غفلت ہو رہی ہو تو ہم سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کو یقین نہ بھی ہو تو ہمیں بتائیں تا کہ ہم تحقیق کر سکیں۔ آپ گمنام رہ کر بھی اپنے تحفظات سے آگاہ کر سکتے ہیں۔

فون: 0161 234 5001

ای میل mcsreply@manchester.gov.uk

**بدسلوکی کیا ہے؟**

بدسلوکی یہ ہے کہ جب کوئی آپ کو تکلیف دے یا برا سلوک کرے۔ یہ مختلف شکلوں میں ہو سکتی ہے۔ بشمول:

جسمانی بدسلوکی۔ اُس وقت ہوتی ہے جب کوئی کسی کو:

- مارے
- لاتیں مارے
- بال کھینچے
- نوچے
- جھنجھوڑے
- زیادہ دوا دینا جسے سے مشکلات ہوں

جنسی بدسلوکی۔ اُس وقت ہوتی ہے جب کوئی کسی کو جنسی فعل یا حرکت کرنے پر مجبور کرے جس سے اداسی، غصہ یا ڈر کا احساس ہو۔ جنسی بدسلوکی میں یہ بھی شامل ہے کہ کسی کو ایسے مقام پر چھونا جہاں وہ نہ چاہتے ہوں:

- شرم گاہ
- پچھلے حصے کو
- پستانوں کو

جذباتی بدسلوکی۔ اُس وقت ہوتی ہے جب کوئی ایسی بات کرے جس سے جذبات مجروح ہوں؛ کوئی کسی پر چیخے یا دھمکی دے۔ مثلاً:

- نام پکارنا
- کسی پر ہنسنا
- ملامت کرنا جبکہ آپ کی کوئی غلطی بھی نہ ہو
- بچوں جیسا سلوک کرنا
- نظر انداز کرنا
- تسلط جمانا
- خوف زدہ کرنا

مالی یا مادی بدسلوکی۔ اُس وقت ہوتی ہے جب کوئی آپ کے پیسے یا سامان بلا پوچھے اٹھا لے جائے۔ مثلاً:

- آپ کے پیسے چوری کرنا
- دوسروں کی چیزوں کیلئے آپ سے ادائیگی کیلئے کہنا
- آپ کو اجازت نہ ہو کہ اپنا پیسہ کیسے خرچ کریں
- دیکھ بھال کیلئے جو رقم آپ کو ملتی ہوُ اسے کہیں دوسری چیز کیلئے یا لوگوں کیلئے یا غیر قانونی مقصد کیلئے خرچ کرنا

غفلت برتنا۔ جب آپ کی مدد کرنے والے لوگ صحیح معنوں میں آپ کی مدد نہ کریں۔ مثلاً:

- آپ کو مناسب کھانا نہ دینا
- آپ کو گرم اور محفوظ نہ رکھنا
- آپ کو دوائی نہ دینا
- بیمار ہوں تو ڈاکٹر کے پاس نہ لیجانا
- آپ کو پہننے کیلئے صاف لباس نہ دینا

تعصّبانہ بدسلوکی۔ جب آپ سے درج ذیل وجوہات کی وجہ سے مختلف سلوک کیا جائے:

- آپ کا رنگ مختلف ہو
- آپ کا مذہب مختلف ہو
- آپ معذور ہیں
- آپ میں ہم جنسی کا رجحان ہے
- آپ مختلف زبان بولتے ہیں
- آپ کسی خاص عمر کے ہیں

اداراتی بدسلوکی۔ جب آپ کی مدد کرنے والے وہ کام کریں جو اُن کیلئے بہتر ہوں نہ کہ آپ کیلئے۔ مثلاً:

- آپ کو ملنے والی مدد میں آپ کو کوئی اختیار نہ دینا یا بہت کم دینا
- بلاوجہ آپ کی آزادی کو محدود کرنا
- آپ کی نیابت کرتے ہوئے فیصلے کرنا جیسے کب سونا ہے اور کب جاگنا ہے۔

خود سے غفلت برتنا۔ یہ تب ہوتا ہے جب کوئی صحیح معنوں میں اپنی دیکھ بھال نہ کر پائے۔ اِس میں مختلف رویے پائے جاتے ہیں:

- اپنی صحت کو نظرانداز کرنا
- بلا ذاتہ صفائی ستھرائی کو نظرانداز کرنا
- ذخیرہ اندوزی کرنا
- اپنے آپ پاس کے ماحول کا خیال نہ کرنا۔

گھریلو بدسلوکی۔ اِس میں نفسیاتی، جسمانی، جنسی، مالی، جذباتی اور نام نہاد کی 'عزت' کے نام پر بدسلوکی کرنا شامل ہیں۔

دورِ جدید میں غلامی۔ اِس میں لوگوں کو سمگل وغیرہ کرنا شامل ہے۔

انتہاپسندی ۔ یہ وہ عمل ہے جس کے ذریعے کوئی شخص دہشت گردی اور انتہاپسندی کی حمایت کرتا ہے جو دہشت گردی پر منتج ہوتی ہے۔ جن بالغ افراد کو خطرے کا سامنا ہوتا ہے ایسے لوگ اُن کا استحصال کر سکتے ہیں اور انہیں دہشت گردی یا اِس کی حمایت کیلئے سرگرمیوں میں شامل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

## آپ کا ہمیں اطلاع کرنے کے بعد کیا ہوگا

ہم آپ سے صورتحال کی تفصیلات طلب کریں گے۔

اگر کوئی جسمانی خطرے میں ہے تو اُس کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ اِس کے علاوہ دوسرے امور میں متاثرہ فرد کی خواہشات اور حالات کی سنگینی کے مطابق اقدام کئے جائیں گے۔

تربیت یافتہ عملہ صورتحال سے بہترین انداز میں نمٹنے کیلئے محتاط اور حساس تحقیق کرے گا۔ ہم مشورہ اور معلومات فراہم کریں گے تاکہ متاثرہ شخص باخبر انتخاب کر سکے کہ انہیں کس قسم کی عملی مدد کی ضرورت ہے یا وہ کون سے اقدامات کرنا چاہتے ہیں۔ اگر متاثرہ شخص باخبر انتخاب کرنے سے قاصر ہو تو اُن کی مدد اور حفاظت کیلئے احتیاط برتی جائے گی۔ ہم اِسے تحفظ کا نام دیتے ہیں۔

## گھریلو تشدد اور بدسلوکی

گھریلو تشدد اور بدسلوکی مختلف رویوں کا احاطہ کرتی ہے۔ اِس میں جسمانی، جذباتی، جنسی، اور مالی بدسلوکی شامل ہیں، جو ہر قسم کے تعلقات میں ہوسکتی ہیں۔ اِس میں دھمکیاں دینا، مسلسل تنقید کرنا، تنہا چھوڑنا، پیسوں پر تسلط رکھنا اور جبری جنسی تعلق شامل ہو سکتے ہیں۔ یہ اِس وقت بھی ہوتا ہے جب آپ اپنے رویے کو کسی کے ڈر اور خوف کی وجہ سے بدل لیتے ہیں۔ یہ شخص کسی کا ساتھی، سابقہ ساتھی یا خاندان کا کوئی دوسرا فرد بھی ہوسکتا ہے۔

اِس میں نام نہاد 'غیرت' پر مبنی بدسلوکی، جبری شادی اور خواتین کا ختنہ کرانا بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ گھریلو تشدد اور بدسلوکی میں کوئی ایک آدھ واقعہ یا واقعات کا تسلسل شامل ہوتا ہے جہاں کسی کا دوسرے کے ساتھ برتاؤ بدسلوکی پر مبنی ہو اور جہاں ملوث افراد کی عمر 16 سال یا اُس سے زیادہ ہو۔

کبھی کبھی یہ جاننا مشکل ہوتا ہے اپنے آپ سے یہ پوچھیں:

- کیا آپ کا شریکِ حیات یا سابقہ شریکِ حیات آپ اور آپ کے بچوں کو دھمکاتا ہے؟
- کیا آپ اور آپ کے بچے اکثر آپ کے شریکِ حیات سے خوفزدہ رہتے ہیں؟
- کیا آپ کی توہین کی جاتی ہے اور آپ کا مذاق اڑایا جاتا ہے؟
- کیا آپ کو دوستوں اور خاندان کے ساتھ میل جول کی اجازت نہیں ہے؟
- کیا آپ کا شریکِ حیات ہمیشہ اِس جستجو مین رہتا ہے کہ آپ کہاں گئے تھے۔ آپ نے کتنی رقم خرچ کی۔ آپ کس سے بات کر رہے ہیں؟

## میں کیا کرسکتی رسکتا ہوں؟

اگر آپ کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے تو کسی سے بات کرنا بہتر رہے گا۔ چاہے آپ اِس کے بارے مزید کچھ کرنا نہ بھی چاہیں۔ کسی سے بات کریں اور اپنے لئے مدد حاصل کریں۔ اگر آپ مستقبل میں اِس کے خلاف اقدام اٹھانے کا فیصلہ کرتے ہیں تو کسی کو واقعات کا ریکارڈ رکھنے کیلئے کہنا آپ کیلئے مددگار ثابت ہوگا۔

## آپ کے بارے معلومات

آپ کی ضروریات کو سمجھنا اور انہیں پورا کرنے کیلئے ہماری مدد کیلئے ہم آپ سے کچھ معلومات طلب کرتے ہیں۔ عموماً ایسی معلومات کو لکھا جائے گا اور انہیں محفوظ سسٹم پر درج کیا جائے گا۔

ایسی معلومات میں آپ کا نام، پتہ اور تاریخ پیدائش کے ساتھ ساتھ کسی قریبی رشتہ دار یا دیکھ بھال کرنے والے کا نمبر شامل ہوسکتا ہے۔ آپ کے جائزے کے دوران ہم آپ کی صحت اور مطلوبہ مدد کی ضروریات بھی اکٹھی کرتے ہیں۔ آپ کو ملنے والی مدد کے بارے میٹنگ اور خط و کتابت کا ہم ریکارڈ رکھتے ہیں۔

آپ کی مدد کی ضروریات کے منصوبہ اور انہیں پورا کرنے میں ہم جب دوسرے اداروں کے ساتھ کام کرتے ہیں انہیں بھی یہ معلومات دے سکتے ہیں۔ اِس کیلئے ہم آپ سے اجازت طلب کریں گے۔

آپ کی معلومات کو محفوظ اور راز میں رکھنے کیلئے ہم پابند ہیں تا کہ آپ کے حقوق کا تحفظ یقینی ہو۔ آپ کسی وقت بھی اپنی معلومات کو دیکھنے کیلئے درخواست کرسکتے ہیں۔

## ہیلپ اینڈ سپورٹ مانچسٹر (ایچ ایس ایم)

ایچ ایس ایم اُن بالغ افراد، اُن کی دیکھ بھال کرنے والوں یا اُن کے دوست اور رشتہ داروں کیلئے ایک آن لائن سروس ہے جو اپنی زندگی سے بھرپور فائدہ اٹھانے کیلئے کسی مدد یا تعاون کی تلاش میں ہوں۔

یہ ڈائریکٹری مانچسٹر میں اور گردونواح میں 2,000 سے زیادہ خدمات اور کمیونٹی پر مبنی سرگرمیوں کی تفصیلی معلومات پر مشتمل ہے۔ اِن میں بینیفٹ کے بارے میں مشورے، معذور افراد کیلئے یوگا کلاسیں اور مقامی رہائشیوں کی زندگی کے معیار کو بہتر بنانے کیلئے دیگر خدمات کے ساتھ سماجی مواقع بھی شامل ہیں۔

اِن کے بارے مزید معلوم کرنے کیلئے درج ذیل کا سائٹ دیکھیں:

www.manchester.gov.uk/helpandsupportmanchester

## آپ کس طرح شامل ہوسکتے ہیں

مانچسٹر سٹی کونسل مدد اور تعاون کے خاکے اور اُس کی فراہمی میں صارفین کی رائے کو بہت اہمیت دیتی ہے۔ آپ اپنی رائے مختلف انداز میں فراہم کرسکتے ہیں۔ چاہے سوالنامہ کی شکل میں یا پھر اپنی رائے دے کر یا پھر کسی گروپ کی وساطت سے۔

یہ معلوم کرنے کیلئے کہ آپ کیسے شامل ہوسکتے ہیں 5001 234 0161 پر فون کریں یا asccoproduction@manchester.gov.uk پر ای میل کریں۔

اگر آپ کو یہ معلومات کسی دوسری زبان یا شکل میں جیسے آسان زبان، موٹی لکھائی، بریل یا ٹیپ پر چاہیے ہو تو ہم سے درج ذیل شکل میں رابطہ کریں:

## آپ کس طرح شامل ہو سکتے ہیں

مانچسٹر سٹی کونسل مدد اور تعاون کے خاکے اور اُس کی فراہمی میں صارفین کی رائے کو بہت اہمیت دیتی ہے۔ آپ اپنی رائے مختلف انداز میں فراہم کر سکتے ہیں۔ چاہے سوالنامہ کی شکل میں یا پھر اپنی رائے دے کر یا پھر کسی گروپ کی وساطت سے۔

یہ معلوم کرنے کیلئے کہ آپ کیسے شامل ہو سکتے ہیں 5001 234 0161 پر فون کریں یا asccoproduction@manchester.gov.uk پر ای میل کریں۔

اگر آپ کو یہ معلومات کسی دوسری زبان یا شکل میں جیسے آسان زبان، موٹی لکھائی، بریل یا ٹیپ پر چاہیے ہو تو ہم سے درج ذیل شکل میں رابطہ کریں:

| | |
|---|---|
| ٹیلی فون | 0161 234 5001 |
| ای میل | mcsreply@manchester.gov.uk |
| ایس ایم ایس ٹیکسٹ | 07860 003160 |
| سائن — ویڈیو | www.manchester.gov.uk/signvideo |

یہ کتابچہ آسان زبان، موٹی لکھائی، بریل یا ٹیپ پر حاصل کرنے کیلئے ہم سے درج ذیل شکل میں رابطہ کریں:

| | |
|---|---|
| ٹیلی فون | 0161 234 5001 |
| ای میل | mcsreply@manchester.gov.uk |
| ایس ایم ایس ٹیکسٹ | 07860 003160 |
| سائن — ویڈیو | www.manchester.gov.uk/signvideo |
| ویب | آپ ہماری ہیلپ اینڈ سپورٹ مانچسٹر کی ڈائریکٹری میں دوسری تنظیموں کی تفصیلات بھی دیکھ سکتے ہیں www.manchester.gov.uk/helpandsupportmanchester |